# نوحہ

145

پڑھدی قرآن ٹر پئی علیؑ اکبر دی بارات
سرنیزیاں تے کجھ جانجیاں دے ہتھ رجھے ہوئے مستورات

پڑھتی قرآں چلی ہے، علی اکبرؑ کی بارات
کچھ سر نیزے کی نوک پہ ہیں کچھ قیدی مستورات

رہی ہجر بھرا دے وچ روندی گھن حسرت دل وچ سہرے دی
صغرا دی وطن تے لنگدی اے ہائے روندیاں ہر ہک رات

بھائی کی جدائی میں روتی، ہے حسرت دل میں سہرے کی
صغراؑ کی وطن میں گزری ہے ہائے روتے ہر اِک رات

یہ کیسے شگن ہیں ہاتھوں پہ اکبرؑ کے لہو کی مہندی ہے
سر بہنوں کے بے چادر ہیں رسی میں بندھے ہیں ہاتھ

بازار دمشق دے سجدے رہے ہئی بھیڑ بازارچ لوکاں دی
درِ ساعت اتے ترے ڈھیں پورے حیران کھڑی سادات

بازار دمشق کے سجتے ہیں، اور بھیڑ لگی ہے لوگوں کی
دن گزرا بابِ ساعت پر اور روتے ہیں سادات

خوں روتے تھے بازاروں میں سجادؑ جو پوچھا باقرؑ نے
ہم آلِ نبیؐ ہیں کیوں ہم پہ یہ پھینکتے ہیں صدقات

کج رُل موئے شام دے سفراں وچ کج کھا زندانِ شام گیا
ولے کج باراتی وطن اتے گھن درد بھرے صدمات

کچھ مارے گئے ہیں راہوں میں، کچھ نظر ہوئے زندانوں کے
کچھ باراتی ہائے لوٹے وطن لئے سینوں میں صدمات

بازار حمیدیہ چوک دے وچ سر زخمی کل باراتیاں دے
رنگ سرخ تھئے پوشاکاں دے لتھی پتھراں دی برسات

ہک جانجی کمر نِوا ٹریا گل طوق تے پیریں زنجیراں
کیا بدرؔ فقیر بیان کرے اُوندے درد بھرے حالات